ادارہ

تعارف وتبصرہ کتب

آسان ترجمہ وتشریح قرآن مجید......مولانا خالد سیف اللہ رحمانی

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی ہندوستان کے نامور صاحب قلم، مصنف، مدرس اور فقیہ ہیں۔ان کے علمی اور تصنیفی کام کو دیکھ کر ہر صاحب علم اس کے کثیر الجہت خدمات کو داد تحسین دینے پر مجبور ہو جاتا ہے' ان کے جدید فقہی مسائل، کتاب الفتاوی اور قاموس الفقہ جیسے شاندار علمی کتابوں کے بعد ان کا آسان ترجمہ وتشریح قرآن مجید پیش خدمت ہے۔ کتاب کے ٹائٹل پر اس کا مختصر تعارف حسب ذیل ہے۔

> آسان اور سلیس اردو زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ اور مختصر تشریح، جس میں مستند احادیث کی روشنی میں قرآنی تعلیمات کو واضح کیا گیا ہے، انبیاء اور ان کی اقوام سے متعلق واقعات کے ذیل میں دعوتی نکات اور سبق آموز پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔قرآن مجید سے مستنبط ہونے والے شرعی احکام اور جدید مسائل پر توجہ دی گئی ہے۔اہل مغرب کی جانب سے پھیلائی جانیوالی غلط فہمیوں کو دور کیا گیا ہے۔اور عصر حاضر کے غیر اسلامی افکار ونظریات کے بارے میں قرآن مجید کی وضاحت کی گئی ہے۔

چونکہ پہلی شائع شدہ جلد دس پاروں پر مشتمل ہے' تفسیر کے اسلوب اور زبان و بیان کو دیکھ کر قاری کو بار بار پڑھنے پر مجبور کرتا ہے راقم کی حقیر رائے کے مطابق اکابرین دیوبند کے جملہ تفاسیر کے نچوڑ وعصیر کو آسان زبان میں سمجھنا چاہے تو وہ اس تفسیر کے مطالعے سے بے نیاز نہیں ہو سکتے۔مولانا محمد رفیق صاحب نے حسب سابق کی طرح اِسے انتہائی دلکش انداز میں شائع کیا ہے۔تقریباً پانچ سو صفحات پر مشتمل یہ خوبصورت علمی تفسیر مکتبہ زمزم نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی سے 250 روپے میں دستیاب ہے (م۔ا۔م)

اعتدال پسندی ......شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ

الاعتدال فی مراتب الرجال برصغیر کے نامور عالم دین' محدث' محقق' مصنف' شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا کاندھلویؒ کی بہترین تحقیقی کتاب ہے۔جو انہوں نے اپنے ایک معتقد کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا ہے۔ کتاب کا بنیادی موضوع اس وقت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ اور حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا باہمی سیاسی اختلاف تھا' جس پر دونوں حلقوں سے تعلق رکھنے والے علماء کرام تشویش کا شکار ہوئے چنانچہ ایک عالم